Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

جلد 14 | ہفتہ، 7 ستمبر 2024ء، 2 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 297

سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا

حکومت کی اپیلیں منظور، نیب ترامیم بحال

نیب قانون کا اصل مقصد سیاستدانوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانا یا سیاسی انجینئرنگ تھا، اگر کسی قانون کی دو تشریحات ہوں تو قانون کے حق میں آنیوالی تشریح کو تسلیم کیا جائے گا

چیف جسٹس، سپریم کورٹ کے ججز کا کام پارلیمنٹ کے گیٹ کیپر کا نہیں، آئینی اداروں کو ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہئے، پارلیمنٹ کی قانون سازی کو کالعدم قرار نہیں دیا جانا چاہئے

بانی پی ٹی آئی نے نیک نیتی سے درخواست دائر نہیں کی، ثابت کرنے میں ناکام رہے نیب ترامیم خلاف آئین تھیں، پارلیمنٹ کا کام قانون سازی، جب تک قانون کالعدم نہ ہو سپریم کورٹ و دیگر عدالتیں قانون پر عمل کی پابند ہیں، تحریری فیصلہ

اسلام آباد (انٹرنیوز) سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کالعدم قرار دینے کیخلاف وفاقی حکومت سمیت دیگر متاثرین کی انٹراکورٹ اپیلیں منظور اور نیب ترامیم بحال کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیب قانون کا اصل مقصد سیاستدانوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانا یا سیاسی انجینئرنگ تھا، اگر کسی قانون کی دو تشریحات ہوں تو قانون کے حق میں آنے والی (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: 6 ستمبر دفاع پاکستان کی تقریب کے موقع پر سابق گورنر عشرت العباد ویڈیو لنک پر خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد: مرکزی صدر شعبہ خواتین نیشنل پیس کونسل پاکستان سیدہ فردوس یومِ دفاع پاکستان کے موقع پر خطاب کر رہی ہیں

قومی اتحاد و یکجہتی کے جذبے سے سرشار افواج سرحدوں کا تحفظ کر رہی ہیں، جنرل سید عاصم منیر

ڈیجیٹل دہشت گردی خطرناک، آرمی چیف

ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ دشمنوں سے نمٹنے کیلئے ہمارا بڑا ہتھیار، ملک دشمن عناصر، غیر ملکی اداروں کے اشتراک نے ڈیجیٹل دہشت گردی کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے، آرمی چیف

معرکہ ستمبر میں افواج کا جرات و بہادری کا مظاہرہ آئندہ نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے، جب تک ہم متحد رہیں گے دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی، یوم دفاع پر پیغام

راولپنڈی (انٹرنیوز) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ قومی اتحاد و یکجہتی کے جذبے سے سرشار افواج سرحدوں کا تحفظ کر رہی ہیں، ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ دشمنوں سے نمٹنے کیلئے ہمارا بڑا ہتھیار ہیں، ملک دشمن عناصر، غیر ملکی اداروں کے اشتراک نے ڈیجیٹل دہشت گردی کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے، معرکہ ستمبر میں افواج کا جرات و بہادری کا مظاہرہ آئندہ نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے، جب تک ہم متحد (بقیہ نمبر 37)

ہندو ایکٹ 2027ء کے رولز آف بزنس منظور کروانے کا مطالبہ

ہندو ایکٹ 2017ء کے رولز آف بزنس صوبہ پنجاب اور صوبہ خیبر پختونخوا میں جلد از جلد صوبائی کابینہ سے منظور کرائے جائیں

مسیحوں کے شادی بیاہ کے قوانین کے مسودے پر قانون سازی کے عمل کا جلد آغاز کیا جائے، نیشنل لابنگ ڈیلیگیشن فار مینارٹی رائٹس

رومانہ بشیر، فیصل الیاس، شہریار شمس، منوج کمار، شہزاد فرانسس، سارنگ رام، اور مس جینفر جگ جیون کی نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد۔ نیشنل لابنگ ڈیلیگیشن فار مینارٹی رائٹس کے اراکین این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو جاوید اے ملک این پی سی)

اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) نیشنل لابنگ ڈیلیگیشن فار مینارٹی رائٹس کے اراکین نے مطالبہ کیا ہے کہ ہندو ایکٹ 2017ء کے رولز آف بزنس صوبہ پنجاب اور صوبہ خیبر پختونخوا میں جلد از جلد صوبائی کابینہ سے منظور کرائے جائیں، مسیحوں کے شادی بیاہ کے قوانین کے مسودے پر قانون سازی کے عمل کا جلد آغاز کیا جائے، سینٹری ورکرز کو سوشل سیکیورٹی نیٹ میں لایا جائے، سینٹری ورکرز کے لئے کام کے دوران ذمہ داری کے تناسب سے تحفظ کے اقدامات کئے جائیں تاکہ کام کے دوران اموات کی روک تھام ہو سکے، اقلیتوں کیلئے پانچ فیصد ملازمت کوٹے اور دو فیصد تعلیمی کوٹے پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، نیشنل لابنگ (بقیہ نمبر 36)

پنجاب کالج کے زیر اہتمام راولپنڈی آرٹس کونسل میں شاندار تقریب کا انعقاد

یوم دفاع اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ قومی خودمختاری، ملکی سالمیت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پاک افواج ہمہ وقت تیار ہیں

6 ستمبر 1965 رات کے اندھیرے میں حملہ کرنے والے بزدل دشمن کو پاک فوج نے دندان شکن جواب دے کر جرات و جوانمردی کی ایک ناقابل فراموش داستانِ رقم کی

1965 کی جنگ پاک فوج کے عزم و ہمت اور عوام کے صبر و استقامت کا عملی اظہار تھا، مہمان اعزاز ائیر کموڈور ریٹائرڈ آفتاب قریشی

پنجاب کالج کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء نے 1965 کے شہداء اور غازیوں کو زبردست الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کیا

قومی خودمختاری، ملکی سالمیت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاک افواج ہمہ وقت تیار ہیں، سابق چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل مزمل حسین

پنجاب کالجز میں یوم دفاع کی تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ مزمل حسین پنجاب کالجز راولپنڈی اسلام آباد کے ڈائریکٹر چوہدری محمد اکرم اور دیگر مہمانوں کا طلبا و طالبات کے ساتھ گروپ فوٹو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پنجاب کالج کے زیر اہتمام یوم دفاع کی مناسبت سے راولپنڈی آرٹس کونسل میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے شرکاء نے 1965 کے شہداء اور غازیوں کو زبردست الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ سابق چیئرمین واپڈا لفٹیننٹ جنرل مزمل حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم دفاع اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ قومی خودمختاری، ملکی سالمیت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پاک افواج ہمہ وقت تیار ہیں۔ 6 ستمبر (بقیہ نمبر 31)

موجودہ راولپنڈی آف کامرس کا صدر فقط ایک کٹھ پتلی ہے

اصل باگ دوڑ گروپ لیڈر سہیل الطاف کے ہاتھ میں ہے۔ ہم تاجروں کے حقوق سلب نہیں ہونے دیں گے۔ جیت تاجر یونیٹی گروپ کی ہوگی

ہم کامیابی کے بعد پندرہ ہزار ممبران کو یکساں حقوق دیں گے، سب کی عزت کا خیال رکھا جائے گا۔ ہم تاجروں کے لیے عملی و مثبت کام اقدامات انجام دیں گے

میں تاجر برادری کو پیغام دیتا ہوں کہ موجودہ چیمبر پر براجمان افراد کی کوئی پہچان نہیں، مرکزی انجمن تاجران اور انٹرسٹی ہوٹلز ایسوسی ایشن کے صدر شیخ عبدالوحید



راولپنڈی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) مرکزی انجمن تاجران اور انٹرسٹی ہوٹلز ایسوسی ایشن کے صدر شیخ عبدالوحید نے تاجر یونیٹی گروپ کی نمائندگی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ راولپنڈی آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا صدر فقط ایک کٹھ پتلی ہے۔ اصل باگ دوڑ گروپ لیڈر سہیل الطاف کے ہاتھ میں ہے۔ ہم تاجروں کے حقوق سلب نہیں ہونے دیں گے۔ جیت تاجر یونیٹی گروپ کی ہوگی۔ ہم کامیابی کے بعد پندرہ ہزار ممبران کو یکساں حقوق دیں گے۔ سب کی عزت کا خیال رکھا جائے گا۔ ہم تاجروں کے لیے عملی و مثبت کام اقدامات انجام دیں گے۔ میں تاجر برادری کو پیغام دیتا ہوں کہ موجودہ چیمبر پر براجمان افراد کی کوئی پہچان نہیں۔ انھیں فقط تصویروں سے پہچانا جاتا ہے۔ ہم آپ سب کو اپنی نمایاں پہچان دیں گے۔ اپنی عزت، وقار اور حقوق کے لئے تاجر یونیٹی گروپ کا ساتھ دیں۔ انھوں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں تاجر یونیٹی گروپ کی نمائندگی کر رہا ہوں۔ راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے گیارہ ستمبر کو ہونے والے انتخابات کی تیاریاں عروج پر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تاجر یونیٹی گروپ کو تخلیق کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پندرہ سال قبل چیمبر میں ایک الیکشن ہوا تھا۔ راولپنڈی چیمبر کی موجودہ قیادت قبضہ مافیا گروپ ہے۔ جو گزشتہ پینتیس سال سے راولپنڈی چیمبر پر براجمان ہے۔ شیخ عبدالوحید نے بتایا کہ آپ (بقیہ نمبر 36)

پاک سرزمین کا دفاع مضبوط اور پائیدار ہاتھوں میں ہے

پاکستان آرمی کے جوانوں کا جذبہ ایمانی نے ہمیشہ دشمنوں کو کیفر کردار تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے

دفاع کے لیے فوج کا ہر سپاہی اپنے اندر جذبہ حب الوطنی اور جذبہ ایمانی قائم رکھے ہوئے ہے جس سے ملک پاکستان پر کوئی بھی آنچ نہیں سکتی ہے

بطور چیف گیسٹ میجر جنرل محمد انتخاب عالم جی او سی ہیڈکوارٹر ۲۳ ڈیو جہلم کینٹ نے شرکت کی اور دفاع وطن کے حوالے سے مختصر خطاب

یوم دفاع کے موقع پر شہید میجر اکرم نشان حیدر کی یادگار پر سلامی پیش کی جا رہی ہے۔

جہلم (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) پاک سرزمین کا دفاع مضبوط اور پائیدار ہاتھوں میں ہے جن کے قدم کبھی بھی ڈگمگا نہیں سکتے ہیں۔ پاکستان آرمی کے جوانوں کا جذبہ ایمانی نے ہمیشہ دشمنوں کو کیفر کردار تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے، جنرل آفیسر کمانڈنگ 23 ڈیو ہیڈکوارٹر جہلم۔ تفصیلات کے مطابق یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے (بقیہ نمبر 32)

شہداء کی مادر وطن کیلئے لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رہے گی

6 ستمبر 1965ء یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے تحصیل ایڈمنسٹریشن کے تحت واک کا اہتمام کیا گیا

ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان کی 22 کروڑ کی عوام آج افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسسٹنٹ کمشنر رانا احمد خان، میاں علی عباس، افضل گل، مدہم ندیم، محمد تاج کونسلر، رانا عبدالرشید و دیگر کی شرکت

حاصلپور (بیورو چیف) 6 ستمبر 1965ء یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے تحصیل ایڈمنسٹریشن کے تحت واک کا اہتمام کیا گیا جس کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر رانا احمد خان نمائندہ وفاقی منسٹر میاں علی عباس پیرزادہ رحمان لیگ افضل گل چیف آفیسر بلدیہ محمد ندیم۔ ہیڈ ماسٹر ہائی سکول محمد تاج کونسلر رانا عبدالرشید انور اسحاق عرف بوبھٹی چوہدری ساجد سلیم ملک انور عزیز ناصر محمود کوچی ایس ڈی او شاہد نواز سیفی سب انجینئر ملک حمید سب انجینئر فہیم سلیم ڈی ایس پی سرکل جام سلیم محمد نعیم یوشا سردار زوالفقار علی خان بلوچ سمیت کثیر تعداد میں شہریوں سول سوسائٹی و تاجر برادری نے شرکت کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رانا احمد خان نے کہا کہ 6 ستمبر جزبہ ایمانی کا دن ہے جب دشمنوں کو افواج پاکستان کے جوانوں نے ناک وچنے چبوائے جس کی تپش آج بھی 2024 میں بھارت تک سنائی دیتی ہے ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاکستان کی 22 کروڑ کی عوام آج افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے بعد ازاں افواج پاکستان کے حق میں ایک (بقیہ نمبر 33)

یوم دفاع، چیف آف نیول سٹاف کا شہداء، غازیوں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (انٹرنیوز) چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ پاک بحریہ بحری سرحدوں کے دفاع، سمندری تجارتی راستوں کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ یوم دفاع پر اپنے بیان میں چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے جنگ ستمبر کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن مادر وطن کے دفاع کیلئے ہمارے اتحاد اور قربانی کے جذبے (بقیہ نمبر 44)

حکومت کی جے یو آئی کو 4 وزارتوں کی پیشکش، مولانا فضل الرحمٰن نے انکار نہیں کیا، قریبی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن کے قریبی ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ حکومتی وفد نے جے یو آئی ف کو 4 وزارتوں کی پیشکش کی ہے۔ ذرائع کے مطابق جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے موجودہ حکومت میں شامل ہونے سے گریز کیا ہے تاہم انہوں نے حکومت میں شامل ہونے سے انکار نہیں کیا (بقیہ نمبر 51)

پاکستان مسلم لیگ اسلام آباد کے زیر اہتمام دفاع پاکستان کانفرنس کا انعقاد

دشمن ہمارے اوپر ہر طرف سے حملہ آور ہو چکے ہیں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا ایک پیغام ہے ہم آپ کو اتحاد کی دعوت دیتے ہیں سارے قوم بن کر کھڑے ہو جائیں، حافظ طلحہ سعید

بلوچستان سلگ رہا ہیں پاکستان میں ہر جگہ دھماکے ہو رہے ہیں، سی پیک کو ناکام بنانے کی کوشش ہو رہی ہیں ہم ساری جماعتوں کو اتحاد کی دعوت دیتے ہیں، چوہدری شفیق الرحمٰن

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا ایک پیغام ہے ہم آپ کو اتحاد کی دعوت دیتے ہیں سارے لوگ پاکستانی ایک قوم بن کر کھڑے ہو جائیں

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام ایف نائن پارک میں منعقدہ دفاع پاکستان کانفرنس سے بحافظ طلحہ سعید، چوہدری شفیق الرحمن وانعام الرحمن خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد کے زیر اہتمام ایف نائن میں دفاع پاکستان کانفرنس کا انعقاد۔ دشمن ہمارے اوپر ہر طرف سے حملہ آور ہو چکے ہیں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا ایک پیغام ہے ہم آپ کو اتحاد کی دعوت دیتے ہیں سارے قوم بن کر کھڑے ہو جائیں حافظ طلحہ سعید۔ دشمن سن لے پاکستان کی فوج پاکستان کی ساری قوم ہم سب ایک ہیں بلوچستان سلگ رہا ہیں پاکستان میں ہر جگہ دھماکے ہو رہیں سی پیک بنانے کی کوشش ہو رہی ہیں ہم ساری جماعتوں کو اتحاد کی دعوت دیتے ہیں، چوہدری شفیق الرحمٰن پاکستان مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد کے زیر اہتمام ایف نائن پارک میں دفاع پاکستان کانفرنس (بقیہ نمبر 43)

افواج پاکستان ہماری آن جان شان ہے، شہنیلہ خانزادہ

ہماری افواج نے جتنی قربانیاں دیں، اسکی کوئی نظیر نہیں ملتی، زبیر قریشی

کراچی (بیورو رپورٹ) سماجی رہنما شہنیلہ خانزادہ نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کی قربانیاں لازوال۔ افواج پاکستان ہماری آن جان شان ہیں۔ یوم دفاع پاکستان پر پاکستان کی افواج کے شانہ بشانہ چلنے کا قوم عہد کرتی ہے۔ انہوں نے یوم دفاع پاکستان (بقیہ نمبر 45)

عقیدہ ختم نبوت ﷺ جزو ایمان نہیں بلکہ یہی عقیدہ اصل ایمان ہے، ڈاکٹر حمیرا طارق

ہر مسلمان کا پختہ یقین ہے کہ حضور تاجدار ختم نبوت ﷺ ہی ہدایت کا آخری سرچشمہ ہیں - نازیہ توحید

سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق کا یوم تحفظ ختم نبوت ﷺ پر پیغام

لاہور (پریس نوٹ) حضور نبی اکرم ﷺ انسانیت کے لئے ابدی صحیفہ ہدایت لے کر آئے - آپ ﷺ کی تشریف آوری کے بعد رشد و ہدایت اور نبوت و رسالت کا عظیم سلسلہ اپنی تکمیل کو پہنچا - ان خیالات کا اظہار سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید صدر لاہور عظمیٰ عمران نے یوم تحفظ عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے حوالے سے اپنے بیان میں (بقیہ نمبر 46)

یوم دفاع اور ہماری ذمہ داری

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی یوم دفاع کے موقع پر کینٹ میں یادگار شہداء پر حاضری دی اور پھول چڑھائے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا بھی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد خصوصی طور پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے لئے بہت اعزاز اور فخر کی بات ہے۔ یوم دفاع پر آج مجھے شہداء کی یادگار پر آنے اور خراج عقیدت پیش کرنے کا موقع ملا۔ شہداء کی فیملیز سے ملاقات کرنے کا موقع ملا اور اس باوقار تقریب میں شامل ہونے کا موقع ملا۔ قوم کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ بیرونی دفاع میں افواج پاکستان ایک بہت اچھا کام کر رہی ہیں۔ افواج پاکستان جاگتی ہیں تو ہم سکون سے سوتے ہیں، ہمارے بارڈرز، فرنٹیئرز اور سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ ملک کا اندرونی دفاع ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ شہداء ہمارے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، ان کی عزت کی حفاظت، ان کی قربانی کا احترام ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ آج میں شہداء کی ماؤں کو خصوصاً خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہوں، ان سے میری ملاقات بھی ہوئی ہے۔ یہ ایک ایسا جذبہ ہے کہ ہم اسے سوچنا چاہئیں تو اس جذبے کی عظمت کا احاطہ نہیں کر سکتے۔ ایک ماں اس بات کو سمجھ سکتی ہے کہ اس کا بچہ گھر سے باہر جاتا ہے، ماں انتظار میں ہوتی ہے اسکی خیریت کے لئے دعا کرتی ہے، جب بچہ آتا ہے تو ماں سکون کی نیند سوتی ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ جذبہ بھی ایک ناقابل تسخیر جذبہ ہے جب ماں اپنے بچے کو میدان جنگ میں ملک کی حفاظت کے لئے بھیجتی ہے۔ ماں جانتی کہ وہ اسے کہاں بھیج رہی ہے اور اس کے ساتھ کیا ہوسکتا ہے، اس کو یہ پتہ ہوتا ہے کہ ایک دن اس کا جسد خاکی بھی واپس آسکتا ہے۔ ہمارے آفیسر اور جوان بہادری سے سرحدوں پر لڑتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ افواج پاکستان جس قربانی کے نظریے کے تحت اپنی جان کے نذرانے پیش کرتے ہیں اس جذبے کی آبیاری ماں کی گود سے ہوتی ہے۔ بہادری ماں کی گود سے جنم لیتی ہے، میں ان ماؤں اور والدین کی بہادری کو سلام پیش کرتی ہوں۔ شہداء کے خاندانوں، بچوں اور بیویوں کو سلام پیش کرتی ہوں۔ شہداء اور ان کی فیملیز کی قربانیوں کے سامنے میں کیا بات کروں، ہمیں اپنا آپ بہت چھوٹا لگتا ہے۔ شہداء کی قربانیاں کسی بھی قوم کی ریڈ لائن ہوتی ہے، اسے کراس کرنا، اسے توڑنا، کسی بھی محب وطن انسان کو زیب نہیں دیتا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی گفتگو کے اختتام پر دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو سلامت رکھے اور پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگایا۔ پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے یادگار شہداء پر سلامی پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہداء کی فیملیز سے ملاقات کی، شہداء کے بچوں سے اظہار شفقت کیا۔

''تین ادارے.....تین ڈاکٹر''

تحریر: محمد سہیل رانا

ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز، حکومت پنجاب

پنجاب حکومت کے عوامی مفاد میں اور ان کی تفصیل کو میڈیا کے ذریعے عوام تک پہنچانے کی ذمہ داری جن اداروں پر ہے ان میں محکمہ تعلقات عامہ پنجاب، پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان لاہور سرفہرست ہیں۔ یہ ادارے حکومتی کارکردگی اور فلاحی مضمون کو پروقت اور بہترین انداز میں عوام الناس تک پہنچانے کا موثر ذریعہ ہیں۔ محکمہ تعلقات عامہ پنجاب سے پہلے سے ہی عوام کو حکومت پنجاب کے مضمون سے باخبر رکھنے کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے جبکہ پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان لاہور بھی اپنے قیام سے لیکر اب تک اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھا رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ پنجاب کے عہدے کے چارج سنبھالا۔ انہوں نے 2006ء میں پنجاب یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف برنس ایڈمنسٹریشن سے ایم بی اے فنانس کی ڈگری حاصل کی۔ 2009ء میں کول ایوارڈ اور ایڈمنسٹریشن آف ایجنسیز برطانیہ سے ایم ایس سی کیا جبکہ 2019ء میں سکول آف پبلک افیئرز پن سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ سے پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ پالیسی میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ وہ 2018-19ء کے دوران سٹیلینبا سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ میں پلیٹیکل اکنامک سسٹم، ہیلتھ سسٹم بیفٹ اور ہیلتھ ایڈمنسٹریشن اینڈ پالیسی کے شعبوں میں درس و تدریس سے بھی منسلک رہے ہیں جنکہ ان کے تحقیقی مقالے دنیا کے متعدد ریسرچ جرنلز میں شائع ہوچکے ہیں۔ ڈی جی پی آر تعینات ہونے سے قبل وہ چیئرمین سیکرٹری محکمہ زراعت، ممبر ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن بورڈ، چیئرمین سیکرٹری محکمہ پراپرٹی اینڈ سیکنڈری ہیلتھ سی ای او پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی، ڈی جی ٹیفک اور ڈی جی فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے علاوہ متعدد محکموں میں اہم عہدوں پر فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ محکمہ تعلقات عامہ پنجاب میں ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم سے قبل ڈاکٹر اسلم ڈوگر دو واحد ڈائریکٹر جنرل رہے ہیں جنہوں نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کر رکھی تھی۔

ڈائریکٹر پبلک کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے جہاں ایک طرف مختلف میڈیا ہاؤسز کے دوروں کا سلسلہ شروع کیا اور ان کے سربراہان سے پنجاب حکومت کی میڈیا کوریج کو مزید بہتر بنانے کے لئے تبادلہ خیال کیا وہیں انہوں نے پاکستان ٹیلی ویژن لاہور کا بھی دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران میں بھی ان کے ہمراہ تھا۔ جنرل منیجر پی ٹی وی کامران قیصر شریف سے باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کے دوران اس بات کا علم ہوا کہ قیصر شریف یونیورسٹی آف گجرات سے ماس کمیونیکیشن کی ڈگری رکھتے ہیں۔ انہوں نے میٹرک ڈویژن پبلک سکول فیصل آباد جبکہ ماسٹرز ایم فل پنجاب یونیورسٹی سے کیا۔ ڈاکٹر قیصر شریف نے 2005ء میں پی ٹی وی لاہور سے بطور پروڈیوسر اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ ان کے کریڈٹ پر ڈرامہ سے لے کر مارننگ شوز، میوزیکل شوز اور رمضان ٹرانسمیشن کے علاوہ دیگر بے شمار پروگرام موجود ہیں۔ انہیں دو دفعہ بیسٹ پی ٹی وی ایوارڈ اور ایک دفعہ پی ٹی وی بیسٹ ایوارڈ سے بھی نوازا جا چکا ہے۔ آپ لاہور سنٹر میں بحیثیت پروگرام منیجر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ اس گفتگو میں مزید دلچسپی اس طرح پیدا ہوگئی کہ دونوں اداروں کے سربراہان پی ایچ ڈی کی ڈگری رکھتے ہیں۔ اب گفتگو دلچسپ سے دلچسپ تر ہوتی گئی اور سامعین میں سینٹر نیشنل ایڈمنسٹریشن ملک اور پی ٹی وی کے دیگر سینئر افسران شامل تھے مگر پروٹوکول اور نوز ہوئے۔

ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان ٹیلی ویژن نے ملک میں علم و اطلاعات کی فراہمی اور تفریح کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ حکومت کے فلاحی اقدامات کو عام تک پہنچانے کا موثر ذریعہ ہے۔ پنجاب حکومت کے عوامی اور فلاحی مضمون کو پروقت عوام تک پہنچانے کے لئے محکمہ تعلقات عامہ اور پی ٹی وی میں کے درمیان تعاون روز بروز فروغ پا رہا ہے۔ ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے کہا کہ عوام کو اطلاعات اور معیاری تفریح کی فراہمی میں پاکستان ٹیلی ویژن کا کردار خصوصی اہمیت کا حامل ہے اور پی ٹی وی نے اپنے پروگرامز خصوصاً ڈراموں کے ذریعے عوام کی کثیر تعداد کو اپنا گرویدہ بنایا ہے۔ جنرل منیجر پی ٹی وی لاہور ڈاکٹر قیصر شریف نے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو شعبہ نیوز، سٹوڈیوز، ٹیکنیکل ایریا، وی ٹی آر سمیت مارننگ شوز اور پی ٹی وی میوزیم کا دورہ کرایا اور پی ٹی وی کے پروگرامز اور آپریشنز کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔

ایک ہفتے بعد ہی مجھے ڈی جی پی آر ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کے ہمراہ لاہور پاکستان کے دورے پر جانے کا اتفاق ہوا۔ اسے ڈی جی پی آر حادثہ بھی کہا جا سکتا ہے۔ ڈائریکٹر ایکسٹرنک میڈیا احمد حسن ملک بھی ہمارے ٹیم کا استقبال کیا۔ دوران گفتگو میں ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز لاہور کے ایسٹشن ڈائریکٹر احمر حبیل بسراہ اور کنٹرولر نیوز سجاد پرویز ہمراہ تھے۔ ریڈیو پاکستان لاہور کے ایسٹشن ڈائریکٹر احمر حبیل بسراہ نے کہا کہ ہم سب کا علم ہوا کہ ایسٹشن ڈائریکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو شعبہ نیوز، ٹیکنیکل ایریا، وی ٹی آر سمیت مارننگ شوز اور پی ٹی وی میوزیم کا دورہ کرایا اور پی ٹی وی کے پروگرامز اور آپریشنز کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔

ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے جہاں ایک طرف مختلف میڈیا ہاؤسز کے دوروں کا سلسلہ شروع کیا اور ان کے سربراہان سے پنجاب حکومت کی میڈیا کوریج کو مزید بہتر بنانے کے لئے تبادلہ خیال کیا وہیں انہوں نے پاکستان ٹیلی ویژن لاہور کا بھی دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران میں بھی ان کے ہمراہ تھا۔ جنرل منیجر پی ٹی وی کامران قیصر شریف سے باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کے دوران اس بات کا علم ہوا کہ قیصر شریف یونیورسٹی آف گجرات سے ماس کمیونیکیشن کی ڈگری رکھتے ہیں۔ انہوں نے میٹرک ڈویژن پبلک سکول فیصل آباد جبکہ ماسٹرز ایم فل پنجاب یونیورسٹی سے کیا۔ ڈاکٹر قیصر شریف نے 2005ء میں پی ٹی وی لاہور سے بطور پروڈیوسر اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ ان کے کریڈٹ پر ڈرامہ سے لے کر مارننگ شوز، میوزیکل شوز اور رمضان ٹرانسمیشن کے علاوہ دیگر بے شمار پروگرام موجود ہیں۔ انہیں دو دفعہ بیسٹ پی ٹی وی ایوارڈ اور ایک دفعہ پی ٹی وی بیسٹ ایوارڈ سے بھی نوازا جا چکا ہے۔ آپ لاہور سنٹر میں بحیثیت پروگرام منیجر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ اس گفتگو میں مزید دلچسپی اس طرح پیدا ہوگئی کہ دونوں اداروں کے سربراہان پی ایچ ڈی کی ڈگری رکھتے ہیں۔ اب گفتگو دلچسپ سے دلچسپ تر ہوتی گئی اور سامعین میں سینٹر نیشنل ایڈمنسٹریشن ملک اور پی ٹی وی کے دیگر سینئر افسران شامل تھے مگر پروٹوکول اور نوز ہوئے۔

ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان ٹیلی ویژن نے ملک میں علم و اطلاعات کی فراہمی اور تفریح کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ حکومت کے فلاحی اقدامات کو عام تک پہنچانے کا موثر ذریعہ ہے۔ پنجاب حکومت کے عوامی اور فلاحی مضمون کو پروقت عوام تک پہنچانے کے لئے محکمہ تعلقات عامہ اور پی ٹی وی میں کے درمیان تعاون روز بروز فروغ پا رہا ہے۔ ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے کہا کہ عوام کو اطلاعات اور معیاری تفریح کی فراہمی میں پاکستان ٹیلی ویژن کا کردار خصوصی اہمیت کا حامل ہے اور پی ٹی وی نے اپنے پروگرامز خصوصاً ڈراموں کے ذریعے عوام کی کثیر تعداد کو اپنا گرویدہ بنایا ہے۔ جنرل منیجر پی ٹی وی لاہور ڈاکٹر قیصر شریف نے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو شعبہ نیوز، سٹوڈیوز، ٹیکنیکل ایریا، وی ٹی آر سمیت مارننگ شوز اور پی ٹی وی میوزیم کا دورہ کرایا اور پی ٹی وی کے پروگرامز اور آپریشنز کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔

ایک ہفتے بعد ہی مجھے ڈی جی پی آر ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کے ہمراہ لاہور پاکستان کے دورے پر جانے کا اتفاق ہوا۔ اسے ڈی جی پی آر حادثہ بھی کہا جا سکتا ہے۔ ڈائریکٹر ایکسٹرنک میڈیا احمد حسن ملک بھی ہمراہ تھے۔ ریڈیو پاکستان لاہور کے ایسٹشن ڈائریکٹر احمر حبیل بسراہ اور کنٹرولر نیوز سجاد پرویز ہمراہ تھے۔ ریڈیو پاکستان لاہور کے ایسٹشن ڈائریکٹر احمر حبیل بسراہ نے کہا کہ ہم سب کا علم ہوا کہ ایسٹشن ڈائریکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو شعبہ نیوز، ٹیکنیکل ایریا، وی ٹی آر سمیت مارننگ شوز اور پی ٹی وی میوزیم کا دورہ کرایا اور پی ٹی وی کے پروگرامز اور آپریشنز کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔

سید علی ہجویریؒ کی محبت

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

شہر لاہور کی آن شان گنج داتا دی' تاریخ تصوف کے سب سے بڑے بزرگ سید علی ہجویریؒ کے عرس مبارک پر میں بھی دیوانوں پروانوں کی قطاروں سے گزرتا ہوا آخر کار شہنشاہ داتا سید علی ہجویریؒ کے مزار اقدس کے بالکل سامنے پہنچ گیا تھا مزار سے ملحقہ وسیع و عریض پرشکوہ مسجد کا حسن زائرین کی صورتحال پہنچانے کا موثر ذریعہ ہے۔ دشمن کے خلاف جنگ ہو یا نظریہ پاکستان اور وطن سے محبت، ریڈیو پاکستان نے ہمیشہ شاعر کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا آپس میں مضبوط رابطہ ہماری بیشمار وارثہ صلاحیتوں میں مزید اضافے کا باعث بنے گا۔ ڈی جی پی آر نے ریڈیو پاکستان کے مختلف سٹوڈیوز اور دیگر شعبہ جات کا دورہ بھی کیا۔ انہوں نے وہاں رکھے تاریخی ریڈیو سیٹ اور موسیقی کے آلات کو بڑی دلچسپی سے دیکھا۔ ڈاکٹر احمر حبیل نے کہا کہ ریڈیو پاکستان کے ڈی جی سید احمد شیخ اور ڈائریکٹر پروگرام رائیک سمیم کے ویژن کے مطابق ریڈیو کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان نے شہزاد اور شمرا دب کی بڑی قدآور شخصیات پیدا کی ہیں۔ 1965ء کی جنگ ہو یا 1971ء کی، ریڈیو پاکستان نے پاک افواج کے حوصلے بلند رکھنے میں ہراول دستے کا کام کیا۔ اب بھی دنیا بھر کی خبریں ہوں، موسیقی ہو، کانفرنسز کی راہنمائی ہو یا مذہبی پروگرام، ریڈیو پاکستان ہمیشہ آگے نظر آتا ہے۔ انہوں نے اپنے دفتر میں سے نئے قدیم ریڈیو سیٹ، لائبریری اور دیگر قدیم مشینری کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف ایم چینل آنے سے ریڈیو کے سامعین میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان اور ڈی جی پی آر کا تعلق ہمیشہ مثالی رہا ہے جو ان شاءاللہ آنے والے وقتوں میں مزید مضبوط ہوگا۔

محکمہ تعلقات عامہ پنجاب، پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان لاہور کی عمارتیں جغرافیائی طور پر ایک دوسرے کے سامنے ملک ہیں۔ تینوں اداروں کی دیواریں ایک دوسرے سے متصل ہیں اور اب ایسا احسن اتفاق پیدا ہوا ہے کہ تینوں اداروں کے سربراہان پی ایچ ڈی کی ڈگری رکھتے ہیں۔ ایک ایسا حسن اتفاق ہے جس کی نظیر اس سے پہلے شاید ہی ملے۔ امید کی جاسکتی ہے کہ تینوں اداروں کے پی ایچ ڈی کے سربراہان اپنی قابلیت کو اداروں کی فلاح و بہبود کے لئے بہترین انداز میں استعمال میں لائیں گے اور ان کی صلاحیتیں پنجاب حکومت کی بھرپور میڈیا کوریج میں مزید اضافے کا باعث بنیں گی۔

''نیوزی لینڈ ٹیم کے لیے ایشین کنڈیشنز کا تجربہ رکھنے والے نئے کوچ مقرر

سری لنکا کے سابق اسپنر رنگا ہیراتھ ایشیا میں 3 ٹیسٹ میچز کے لیے اسپن بولنگ کوچ مقرر کیے گئے

کاٹھمنڈو (این این آئی) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے لیے ایشین کرکٹ سیٹنگز کا تجربہ رکھنے والے کوچز کی خدمات حاصل کر لی گئیں۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کے مطابق سری لنکا کے سابق اسپنر رنگا ہیراتھ ایشیا میں 3 ٹیسٹ میچز کے لیے اسپن بولنگ کوچ مقرر کیے گئے ہیں۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کا کہنا ہے کہ رنگانا ہیراتھ کی تجربہ کار شخصیت پاکستان کرکٹ بورڈ میں پزیشن سنبھالنے پر دستیاب ہوئے۔ کرکٹ نیوزی لینڈ نے مزید بتایا کہ بھارت کے ساتھ بیٹنگ کوچ وکرم راٹھور افغانستان کے خلاف ٹیسٹ میچ کے لیے کوچنگ اسٹاف میں شامل کیے گئے ہیں۔ یاد رہے کہ نیوزی لینڈ اور افغانستان کی ٹیموں کے درمیان واحد ٹیسٹ بھارت کے شہر دہرہ دون میں پیر سے کھیلا جائے گا جب کہ نیوزی لینڈ نے سری لنکا میں 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلنی ہے جس کا پہلا ٹیسٹ 18 ستمبر سے گال میں کھیلا جائے گا۔

کرسٹیانو رونالڈو کے کیریئر کے 900 گول مکمل

رونالڈو نے اب تک قومی ٹیم پرتگال کے لیے 13 ورلڈ میڈرڈ کے لیے 450، مانچسٹر یونائٹڈ کے لیے 14 گول کیے

کربن (این این آئی) پرتگالی شہرا کرسٹیانو رونالڈو نے نیشنز لیگ میں کروشیا کے خلاف کھیلتے ہوئے اپنے کیریئر کا 900 واں گول کر لیا۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اسٹاپ ٹائم کے دوران اپنی ٹیم پرتگال کو کروشیا کے خلاف 34 ویں منٹ میں برتری دلا دی۔ ارجنٹینا کے لیونل میسی اپنے کیریئر میں 900 واں گول کر چکے ہیں۔ میسی نے 2-0 سے کامیابی دلوائی۔ 39 سالہ کھلاڑی اپنے شاندار کیریئر کو یہ سنگ میل عبور کرنے کے بعد جذباتی نظر آئے۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اب تک اپنے کیریئر میں 13 ورلڈ میڈرڈ کے لیے 450، مانچسٹر یونائٹڈ کے لیے 131، ریال میڈرڈ کے لیے 450، مانچسٹر یونائٹڈ کے لیے 145، جوینٹس کے لیے 101، اپنے موجودہ کلب النصر کے لیے 68 اور پرتگال کے لیے 5 گول کیے ہیں۔ ارجنٹینا کے لیونل میسی اپنے کیریئر میں 8 5 9 گولز کے ساتھ فٹبال کی تاریخ میں اب تک سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر ہیں۔

اسکاٹ لینڈ کے اسپنر ایک بار پھر متنازع انداز میں وکٹ سے محروم

ایجاکے جوش لٹل وکٹ کے سامنے سے ہٹ گئے، بال نے اسٹمپس اڑا دیں

سٹرلنگ (این این آئی) اسکاٹ لینڈ کے اسپنر مارک واٹ کو ایک بار پھر متنازع انداز میں وکٹ سے محروم کر دیا گیا۔ یہ واقعہ آسٹریلیا سے پہلے ٹی 20 کے دوران پیش آیا جب انھوں نے ایجاکے قریب سے گیند کی۔ مارک واٹ کے ہاتھ سے نکلنے کے بعد ایجاکے جوش لٹل وکٹ کے سامنے سے ہٹ گئے، جس پر بال نے اسٹمپس اڑا دیں۔ ایمپائر ڈیوڈ میک لین نے اسے ڈیڈ بال قرار دے دیا، اسی طرح کا واقعہ بعد میں بھی ہوا، جب بھی بولر مارک واٹ تھے، جاب سے ہوئی تھی بھی ہوئی۔ اس سے قبل جون میں عمان کے خلاف میچ میں بھی اسی قسم کی ڈیلیوری پر حریف بیٹر کے پیڈ اور رول اسٹمپ اکھڑنے کے باوجود ایمپائر نے ڈیڈ بال وکٹ دے دی تھی، اس طرح ان کی ''لاگے بال'' ڈیلیوری سے متعلق قوانین زیر بحث آ گئے ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

وانی کپور کی فوادخان کیساتھ آنیوالی فلم پر خاموشی برقرار

وانی کپور جلد فوادخان کے ساتھ فلم میں مرکزی کردار نبھاتی ہوئی دکھائی دیں گی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ وانی کپور نے بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکٹسٹ، عامر خان کے ساتھ نئی فلم پر کام کے حوالے سے خاموشی برقرار رکھتے ہوئے ان کے اداکاری کی خوب تعریف کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ فوادخان کے ڈرامے آن لائن دیکھا کرتی تھی، مجھے ان کا کام بہت پسند ہے۔ حال ہی میں بھارتی اداکارہ نے بی بی سی انڈیا کو انٹرویو دیا ہے، جس میں انہوں نے اپنے آنے والی مختلف پروجیکٹس کے حوالے سے بات کی۔

ہانیہ عامر نے اُن کی نازیبا ویڈیوز پھیلانے والے بھارتی کو پکڑ لیا

سوشل میڈیا پر وائرل ہوتی تو ہانیہ عامر نے انسٹاگرام اسٹوری میں واضح کیا کہ فرگوہ ویڈیوز اُن کی نہیں بلکہ جعلی لگتی ہیں۔ اس وضاحتی بیان کے بعد، ہانیہ عامر نے دو سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی ڈھونڈ نکالا۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ہانیہ عامر کی چند ڈیپ فیک ویڈیو دیکھنے وائرل ہوئی تھیں، مذکورہ ویڈیوز آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) کی مدد سے تیار کی گئی تھیں، ویڈیوں میں نظر آنے والی لڑکی کا چہرہ ہانیہ عامر سے ملتا جلتا تھا، جس کے بعد مداح یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ یہ ویڈیو اداکارہ کی ہیں۔ نازیبا ویڈیوز کی خبر جیسے ہی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی شہنشاہ ایجابچن نے ایک بار بتایا تھا کہ ان کی موت کے بعد ان کی جائیداد کی تقسیم کیسے ہوگی۔ گزشتہ چکھ ماہ سے ایکسچینج پنچن اور انٹیوریارائے کے درمیان طلاق کی افواہیں سرگرم ہیں، اس دوران بھارتی زیرگردش رہیں جب کہ اب سوشل میڈیا پر ایجابچن کا 2011ء میں دیا گیا انٹرویو زیر بحث ہے۔ ایجابچن نے کئی سال پہلے دیے گئے انٹرویو میں بتایا تھا کہ میں نے اپنی جائیداد کو اپنی بیٹی شویتا نندا اور بیٹے ایکسچینج پنچن کے درمیان برابر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

عامر خان کی فلم ''ستارے زمین پر'' 20 دسمبر 2024 کو ریلیز ہوگی

عامر خان فلم انڈسٹری کے کاروبار سے متعلق ایک اہم تبدیلی کا منصوبہ بندی کر رہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے 'مسٹر پرفیکٹسٹ' عامر خان نے سنٹفلی میں ریلیز ہونے والی اپنی فلموں کے ڈیجیٹل رائٹس سے متعلق اہم فیصلہ کر لیا۔ بھارتی میڈیا نے ذرائع کا حوالہ دے کر بتایا کہ عامر خان فلم انڈسٹری کے کاروبار سے متعلق ایک اہم تبدیلی کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ عامر خان اپنی سنٹفلی کی فلموں کے ڈیجیٹل رائٹس فروخت نہ کرنے پر غور کر رہے ہیں جس کا مقصد فیمز میں ریلیز کو ترجیح دینا ہے۔ دراصل عامر خان کا وژن ہے کہ وہ 12 یا اس سے زائد ہفتوں کیلیے اپنی فلموں کو سینما گھروں کیلیے مخصوص رکھیں۔

ہنی سنگھ کو دوبارہ کامیاب ہوتا دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، گلوکار بادشاہ

ممبئی (این این آئی) مشہور ریپر و گلوکار بادشاہ نے ریپر یو یو ہنی سنگھ سے متعلق کہا ہے کہ انہیں ہنی سنگھ کو دوبارہ کامیاب ہوتا دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ ایک پوڈ کاسٹ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے بادشاہ کا کہنا تھا کہ جو کچھ ہنی سنگھ کے ساتھ ہوا ہے سب افسوسناک ہے۔ میرے ذاتی مسائل نے مجھے متاثر کیا لیکن میں نے انہیں اپنے پیشہ ورانہ زندگی پر اثر انداز نہیں

میوزک انڈسٹری میں دلبسی پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ انہیں ہنی سنگھ کو دوبارہ کامیاب ہوتا دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ بادشاہ اور ہنی سنگھ کے درمیان اختلافات کوئی دھکی چھپی بات نہیں لیکن اب لگتا ہے کہ بادشاہ ان اختلافات کو بھلا کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ حالیہ انٹرویو میں بادشاہ نے ہنی سنگھ کی

طلاق کے بعد پاکستان اس لیے نہیں آئی لوگ طعنے دیں گے، ثمن انصاری

میں نے دوسری شادی اس وقت کی تھی جب بیٹا آیان 12 سال کا تھا، سینئر اداکارہ کی گفتگو



کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ ثمن انصاری کا کہنا ہے کہ طلاق کے بعد پاکستان میں لیے نہیں آئیں کیونکہ لوگ انہیں طعنے دیں گے۔ اداکارہ ثمن انصاری نے حال ہی میں پوڈ کاسٹ میں شرکت کی اور کیریئر سیٹ بھی زندگی اور طلاق سے متعلق اظہار خیال کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جب وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کینیڈا گئیں تو وہاں ان کے نانا اور نانی نے ان کی شادی کروادی، پہلی شادی 16 سال تک چلی لیکن بعد میں طلاق ہوگئی۔ اداکارہ کے مطابق شادی اور پرسوالی کے دوران بھی وہ امیر کا تو بھی کینیڈا منتقل ہوتی رہیں۔

عرفی جاوید نے زندگی کے نئے خواب کا تذکرہ کر دیا

میں تو بھارت کی سب سے بڑی ریئلیٹی ٹی وی اسٹار بننا چاہتی ہوں، انٹرویو

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ اور سوشل میڈیا پرسنالٹی عرفی جاوید نے اپنے ذہنی کیریئر کے نئے خواب کا تذکرہ کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق عرفی جاوید نے حالیہ انٹرویو میں کہا کہ بالی ووڈ اب میرا خواب نہیں، میں تو بھارت کی سب سے بڑی ریئلیٹی ٹی وی اسٹار بننا چاہتی ہوں۔ سوشل میڈیا پرسنالٹی نے مزید کہا کہ میرے عزائم بالی ووڈ کی چمک دمک سے آگے بڑھ گئے ہیں، میں سوشل میڈیا بھارت کی سب سے بڑی ریئلیٹی ٹی وی اسٹار بننے کی کوشش کر رہی ہوں۔ عرفی جاوید جو فی الحال بڑم ویڈیو ریئلیٹی سیریز فالو کر لیڈیز میں نظر آ رہی ہیں، نے کہا کہ بالی ووڈ اور ٹی وی انڈسٹری میں جگہ بنانے کے روایتی راستے میری خواہشات کی تکمیل کے مطابقت نہیں رکھتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج

جب مر جاؤں گا تو بچوں میں جائیداد کیسے تقسیم ہوگی؟ ایجابچن نے انٹرویو میں بتا دیا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے شہنشاہ ایجابچن نے ایک بار بتایا تھا کہ ان کی موت کے بعد ان کی جائیداد کی تقسیم کیسے ہوگی۔ گزشتہ چکھ ماہ سے ایکسچینج پنچن اور انٹیوریارائے کے درمیان طلاق کی افواہیں سرگرم ہیں، اس دوران بھارتی زیرگردش رہیں جب کہ اب سوشل میڈیا پر ایجابچن کا 2011ء میں دیا گیا انٹرویو زیر بحث ہے۔ ایجابچن نے کئی سال پہلے دیے گئے انٹرویو میں بتایا تھا کہ میں نے اپنی جائیداد کو اپنی بیٹی شویتا نندا اور بیٹے ایکسچینج پنچن کے درمیان برابر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

SPORTS سپورٹس

نامور کرکٹر عبدالقادر خان کی پانچویں برسی منائی گئی

لاہور (این این آئی) نامور کرکٹر عبدالقادر خان کی پانچویں برسی بحر مہ منائی گئی۔ اس موقع پر ان کے اہل خانہ کی طرف سے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ معروف کرکٹر مفتر مین باؤلر تھے اور گگلی ماسٹر کے طور پر جانے جاتے تھے۔ عبدالقادر 15 ستمبر 1955ء کو لاہور میں پیدا ہوئے انہوں نے 67 ٹیسٹ میچوں اور 104 ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ عبدالقادر خان 1977ء سے 1993ء تک ٹیم کا حصہ رہے، انہوں نے پہلا ٹیسٹ میچ 14 ستمبر 1977ء کو انگلینڈ اور آخری ٹیسٹ میچ 6 دسمبر 1990ء کو ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلا، فرسٹ کلاس کرکٹ میں 6 سو وکٹیں لیں۔ 63 سال کی عمر میں 2019ء کو ان کا لاہور میں انتقال ہوگیا۔

اہلیہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جڈیجا نے سیا

1 لقیہ

وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کی زیرصدارت گمرانی کابینہ کے اجلاس کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اعلامیہ میں کہا گیا کہ وفاقی کابینہ نے خیبرپختونخوا کے بے گھر وزارت داخلہ کی سمری پر تین بھوری ناموں میں سے لطیف خیل منیر افریدی کی تقرری کی منظوری دے دی۔ بیان میں کہا گیا کہ کابینہ کو بتایا گیا کہ سلیکشن کمیٹی نے وزارت داخلہ کی سمری پر تین بھوری ناموں میں سے لطیف خیل منیر افریدی کی تقرری کی منظوری دے دی۔ بعدازاں 8 ستمبر 2024ء کو ہونے والے 29 ممبران کے تیسرے بیچ میں منصب وزارت داخلہ کی سمری منظور کرتے ہوئے لطیفیت خیل محمد امیر آفرید کو 3 سال کے لیے خیبرپختونخوا میں نادانستہ کی منظوری دی گئی۔

2 لقیہ

بھی ہی۔ اس موقع پر کوئٹہ کاٹرا اور لیفٹیننٹ جنرل ساجد مرسلہ رمضانہ مہماؤں کی کتاب میں تاثرات بھی درج کیے۔

3 لقیہ

مسافر کے جسم وسامان سے 595 تولہ سونا 7 کلو چاندی کے زیورات 22 انگشتریاں برآمد ہوئے۔ برآمدہ ہونے والی اشیاء کی مالیت 18 لاکھ روپے سے زائد ہے۔ مقدمہ درج کے مسافر کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔

4 لقیہ

گے گریلو سلنڈر کی قیمت میں 27 روپے 66 پیسے اضافہ ہوگا۔ گزشتہ ہفتے کے دوران اڈے اپنے 19 روپے 65 پیسے فی کلو قیمت میں مہنگے ہوئے۔ اس کے علاوہ ڈالو، جوالو، گھیے، بیف، مٹن اور گوشت بھی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں۔ دریں اثنا ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمت میں 19 روپے 73 پیسے کی کمی آئی۔ حالیہ ہفتے میں پٹن 8 روپے 73 پیسے فی کلو سستا ہوا، گندم 20 کلو کا تھیلا 23 روپے 32 پیسے سستا ہوا جب کہ گزشتہ ہفتے کے دوران مٹن، چائے کی پتی سمیت 19 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔

5 لقیہ

رائیگان نہیں جانے چاہئیں۔ وفاقی وزیرتے کہا کہ شہید کے لواحقین کے لیے عظیم اور باہمت باپ کے ہونے کا ثبوت دیا، اپنے بیٹے کی شہادت پر جس جذبے کا اظہار کیا، پوری قوم کو اس پر فخر ہے۔ ملک کے لیے اپنا جذبہ سب کو بتایا جس نہیں دیکھا کہ ایسا کہ آج ہم اپنے گھروں میں محفوظ ہیں تو یہ احمد بشیر شہید کی شہادتوں کی قربانی کا نتیجہ ہے۔ وفاقی وزیرتے کے لیے ہر پہر میں، فخر الخوارج کو جزئے کھاتے پھیچیں کے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 27 رمضان المبارک کو اس ملک کا معرض وجود میں آنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ ملک پاکستان تاقیامت قائم رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ میں اس کا نام ہمارے دلوں میں ہوں، اللہ تعالیٰ کیپٹن احمد بشیر شہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ وفاقی وزیرتے کہا کہ شہداء کے والدین کی ہمت اور حوصلے کو سلام پیش کرتے ہیں۔ اس موقع پر کیپٹن احمد بشیر شہید کے والد کرنل ریٹائرڈ بلند الدین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ میں اپنے اس شہید کا والد ہوں، جس دلیری اور جرات سے میرے بیٹے نے شہادت کو گلے لگایا اس سے ہمارا سر فخر سے بلند ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ شہادت ہی ہمارے بیٹے کو اس سے ساتھی نے کہا کہ دشمن پاکل سامنے سے پیچھے ہٹ جائیں، جس کے بیٹے کے پیچھے ہٹ گیا تو قوم اور فوج کو کیا جواب دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری قوم نے میرے بیٹے کی شہادت پر جن جذبات کا اظہار کیا اس پر ہم سب کے لیے باعث فخر ہے۔ شہید کے بھائی حسن نے کہا کہ ہم بھی اپنے بھائی کے نقش قدم پر چلیں گے۔ قبل ازیں وفاقی وزیرتے اطلاعات عبدالرزاق بیگ اور شہید کیپٹن احمد بشیر کے والد کرنل ریٹائرڈ بلند الدین اور کیپٹن احمد بشیر کے ورثاء اور انہیں گلے لگایا اور شہید کیپٹن احمد بشیر کو خراج عقیدت پیش کیا۔

6 لقیہ

بیاز کی قیمت میں 5 روپے 58 پیسے فی کلو کا اضافہ ہوا، ٹماٹر کی فی کلو قیمت 38 روپے مہنگا ہوا۔ پی ایم جی کے گریلو سلنڈر کی قیمت میں 27 روپے 66 پیسے کا اضافہ ہوا، اس طرح ایک ہفتے میں اڈے ایک روپے 65 پیسے فی درجن مہنگے ہوئے، آلو، جوالو، گھیے، بیف، مٹن اور گوشت بھی مہنگے ہوئے والی اشیاء میں شامل ہیں۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمت میں 19 روپے 3 پیسے فی کلو کی کمی آئی، گزشتہ ہفتے کے دوران پٹن 8 روپے 73 پیسے فی کلو سستا ہوا، گندم کا 20 کلو کا تھیلا 23 روپے 32 پیسے سستا ہوا، دیگر اشیاء کے دوران مٹن، چائے کی پتی سمیت 19 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔

7 لقیہ

پاکستان جنرل بس جنائیزیب بھرواٹہ، ڈپٹی کمشنر ڈیرہ نیب نیب سکھیرا اور ایک 190 پاؤنڈ ریفرنس کے تفتیشی افسر میاں عزیز علی عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے کہا کہ نادرا ڈاٹا بیس تیار ہے نیشنل ڈیٹا بیس اور رجسٹریشن اتھارٹی کے ساتھ ڈاٹا بیس کا تقابل کیا گیا ہے کہ کون کون سے جعلی شناختی کارڈ پر کتنے بینک اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں، کتنے بینک اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں، کتنے بینک اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں،

میلاد و سیرت کمیٹی میڈیا ٹاؤن کے زیر اہتمام میلاد مصطفیٰ کانفرنس

کانفرنس سے ممتاز عالم دین علامہ مفتی محمد لیاقت علی علامہ حمزہ علی قادری خطاب کریں گے، اللہ داد صدیقی

جید، علما کرام مینجمنٹ کمیٹی سینئر صحافیوں سمیت زندگی کے مختلف، شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی شخصیات شریک ہونگی

اسلام آباد (اپنے رپورٹر سے) میلاد و سیرت کمیٹی میڈیا ٹاؤن کے زیر اہتمام میلاد مصطفیٰ کانفرنس آج بعد نماز عشاء ہوگی ڈسٹری کرداٹ میں منعقدہ میلاد کانفرنس کے تمام انتظامات مکمل کر لیئے گئے ہیں میلاد و سیرت کمیٹی کے صدر کرنل (ر) خالد جاوید، جنرل سیکرٹری سید اطہر شاہ سکیمر نائب صدر محمد ناصر میر دیوان۔ ملک اکبر دین۔ ڈاکٹر سرور قادری۔ خواجہ صفدر آمین۔ شیخ محبوب الٰہی سید قیصر عباس شاہ۔ خالد قریشی عدیل ایوب اللہ داد صدیقی نے کہا کہ کانفرنس سے ممتاز عالم دین علامہ مفتی محمد لیاقت علی علامہ حمزہ علی قادری خطاب کریں گے جبکہ ملک کے ممتاز شاعر خواں محمد شہزاد مدنی۔ عمران وارثی۔ بلال یوسف ۔قاری الطاف حسین۔ محمد اکرم بدیہ حقیقت پیش کریں گے جبکہ تلاوت ملک کے ممتاز قاری محمد حنیفی سراج اور شاہد رمضان کرین گے کانفرنس میں خواتین کے لیے الگ ہاہ وہ انتظام کیا گیا ہے میلاد و سیرت کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ کانفرنس کے انعقاد کیلئے کمیٹی سینئر صحافیوں سمیت زندگی کے مختلف، شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی شخصیات شریک ہونگی

پولیس انٹرن شپ پروگرام کے بارہویں بیچ کی اختتامی تقریب

جھنگ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او چیف پولیس (ر) بلال افتخار کیانی کی ہدایات پر پولیس انٹرن شپ پروگرام کے بارہویں بیچ کی اختتامی تقریب۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفس میں انٹرن شپ پروگرام کے بارہویں بیچ میں کالجز اور یونیورسٹی کے 35 طلباء وطالبات نے شرکت کی جنہیں چودہ دن پر محیط انٹرن شپ پروگرام میں پولیس ورنگ کے متعلق آگاہی دی گئی۔ ڈی پی او چیف پولیس (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔ دو ہفتوں پر محیط پروگرام میں انٹرنیز کو پولیسنگ، پولیس کے تجدیدی اقدامات اور تھانہ جات و دفاتر، فرنٹ ڈیسک، خدمت مراکز، انوسٹی گیشن، آپریشن، آئی ٹی، اور دیگر دفاتر میں پولیس کی ورکنگ کے حوالے سے آگاہی دی گئی ہے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ سے پولیس اور شہریوں کے درمیان مشترک سے ہی جرائم کا خاتمہ ممکن ہے۔ پروگرام کے انعقاد پر پنجاب پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انٹرنیز طلباء و طالبات کا کہنا تھا کہ انٹرن شپ (بقیہ نمبر 22)

گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور میں یوم دفاع کی پُروقار تقریب

تلاوت قرآن مجید کے بعد شعبہ تاریخ کے پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیع شفیق نے تاریخی حوالے سے 06 ستمبر 1965 کی جنگ کے احوال بیان کیے

پرنسپل کالج، پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلیم کاطلبہ سے خطاب، اپنی قوم اور افواج کے عزم و استقلال کو قائم رکھنے اور ملکی ترقی کو پروان چڑھانے کا پیغام دیا

تمام پوزیشن ہولڈرز اور ڈرائینگ کلب کے طلبا میں نقدی انعامات اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے اور گروپ فوٹو لی گئی

گورنمنٹ شالیمار گریجایٹ کالج لاہور میں یوم دفاع کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں سٹاف کا گروپ فوٹو

لاہور (نمائندہ خصوصی) 06 ستمبر 2024ء کو گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور میں یوم دفاع کی مناسبت سے ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے پہلے سیشن کا آغاز صبح 08:00 بجے قومی ترانے کے ساتھ کیا گیا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد شعبہ تاریخ کے پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیع شفیق نے تاریخی حوالے سے 06 ستمبر 1965ء کی جنگ کے احوال بیان کیے جس میں انہوں نے افواج پاکستان اور عوام کے بے باک حوصلوں اور قربانیوں کو اجاگر کیا۔ بعد ازاں پرنسپل کالج، پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلیم نے طلبہ سے خطاب کیا اور انہیں اپنی (بقیہ نمبر 4)

پاک بحریہ کے بیڑے میں 2 نئے جنگی بحری جہازوں کی باقاعدہ شمولیت

پاکستان کے جیو اکنامک مفادات کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کو مضبوط بنانا ہوگا، گلی سمندری حدود کے دفاع کے لیے مضبوط بحریہ کی ضرورت ہے، صدر مملکت

201 میں تزکیہ کے ساتھ علم کلاس ٹیس بنانے کا معاہدہ کیا، پی این ایس تنین و صلبوٹ 2 جولائی کو کمیشن ہوئی۔ دونوں جہازاسٹیٹ آف دی آرٹ ہیں، نیول چیف

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ مضبوط نیوی سمندری جہازوں پی این ایس ہاب اور پی این ایس تنین کی بیک وقت باقاعدہ شمولیت کی پروقار تقریب جمعہ کو منعقد ہوئی۔ تقریب میں صدر مملکت آصف زرداری بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ انہیں پاک بحریہ کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ جنگی جہازوں کی پاک بحریہ کے بیڑے میں شمولیت کی تقریب میں ترکیہ کے نائب صدر اور وزیر دفاع نے بھی شرکت کی۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا، چیف آف نیول اسٹاف، کراچی شپ یارڈ اور مسلح افواج کے اعلیٰ حکام بھی تقریب میں شریک ہوئے۔

اسکیڈرن جنرل آف پولیس سید علی ناصر رضوی سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کر رہے ہیں

مہنگائی میں کمی کے باعث شرح سود میں 1.5 فیصد کی کمی کی توقع کر رہی ہے

معاشی ماہرین کی اکثریت اس بار شرح سود میں 1.5 فیصد کی کمی کی توقع کر رہی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں گزشتہ مجموعہ عرصہ کے دوران کمی کی رپورٹ کی گئی ہے جبکہ حکومت نے بھی حال ہی میں مہنگائی مستقل دائیسٹ میں لانے کا اعلان کیا جس کے بعد اب شرح سود میں مسلسل تیسری بار کمی کا امکان روشن ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان 12 ستمبر کو مانیٹری پالیسی جاری کرے گا اور اس وقت بنیادی شرح سود 19.5 فیصد ہے تاہم اس سے قبل اسٹیٹ بینک دو مرتبہ میں مانیٹری (بقیہ نمبر 24)

کارساز حادثہ کیس، سمجھوتے اور ملزمہ کی خانت سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں کارساز حادثہ میں فریقین کے درمیان سمجھوتے اور ملزمہ کی خانت کو چیلنج کر دیا گیا۔ وکیل شیخ ثاقب کی جانب سے دائر درخواست میں وزارت قانون، ہوم ڈیپارٹمنٹ سندھ اور دیگر فریق بنایا گیا ہے۔ کارساز حادثہ میں سمجھوتے اور ملزمہ کی خانت کو چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا ہے (بقیہ نمبر 25)

کچے میں بدامنی پر حکومت اور اپوزیشن یک زبان ہو گئے

رکن اسمبلی ممتاز جاگنے نے کچے کے ڈاکوؤں سے جان کو لاحق خطرات، املاک کی لوٹ مار سے ایوان کو آگاہ کیا، کل ایوان میں بحث ہوگی

سابق سیکرٹری صحت کے خلاف 70 ارکان کے دستخطوں سے تحریک استحقاق پیش، چھ ستمبر کے حوالے سے قرارداد بھی متفقہ طور پر منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں کچے کے علاقہ کی بدامنی کے حوالے سے حکومت اور اپوزیشن یک زبان ہوگئے، ایوان میں پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے رکن پنجاب اسمبلی ممتاز جاگنے نے کچے کے ڈاکوؤں سے اپنے جان کو لاحق خطرات اور املاک کی لوٹ مار سے ایوان کو آگاہ کیا، اپیکر نے کچے کے متعلق گفتگو کرنے کے لئے سوموار کا دن مختص کر دیا، ایوان میں سابق سیکرٹری صحت کے خلاف 70 ارکان کے دستخطوں سے تحریک استحقاق پیش کر دی گئی، اجلاس میں چھ ستمبر کے حوالے سے قرارداد بھی متفقہ طور پر (بقیہ نمبر 26)

کراچی، صدر آصف علی زرداری کا سینٹر ملٹری آڈیٹوریم اور پاکستان نیوی شپ بابر کے پوئنٹ پر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت ایک بار پھر بڑھ گئی

کراچی (این این آئی) سونے کی عالمی اور مقامی سطح پر قیمتوں میں جمعہ کو پھر یک دم اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 15 ڈالر کے اضافے سے 2518 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعہ کے روز 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 1400 روپے کے اضافے سے 263500 روپے کی سطح پر آ گئی اور فی 10 گرام سونے کی قیمت 1200 روپے کے اضافے سے 225908 روپے کی سطح پر آ گئی۔ ملک میں سونے کی قیمت میں اضافے (بقیہ نمبر 27)

نافرمان بیٹے نے ماں کو چھریوں سے وار کر کے زخمی کر دیا

ماں نے رہائشی مکان فروخت کیا تو بیٹے نے رقم کا مطالبہ کر دیا

سیالکوٹ (این این آئی) نافرمان بیٹے نے فروخت ہونے والے مکان کے پیسے نہ دینے پر ماں کو چھریوں کے وار کر کے زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ سے درچوگل ویکن پولیس سٹیشن میں کال موصول ہوئی، ابتدائی تفتیش کے مطابق ماں نے رہائشی مکان فروخت کیا تو اس کی وصولی، تنخواہوں و بجٹ کو ٹیکلوائز کیا جا رہا ہے، طالب علموں (بقیہ نمبر 29)

چناب کالج جھنگ میں بورڈ آف ٹرسٹی کا اجلاس

چناب کالجوں میں فیس کی وصولی، تنخواہوں و بجٹ کو ڈیکنٹیلائز کیا جا رہا ہے

جھنگ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر/چیئرمین جھنگ ایجوکیشنل ٹرسٹ محمد عمیر کی زیر صدارت چناب کالج جھنگ میں بورڈ آف ٹرسٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ چناب کالجوں میں معیار تعلیم کو بلند کرنے اور کالجوں کی بہتری کے حوالے سے اہم اقدامات اٹھائے گئے۔ چناب کالجوں میں فیس کی وصولی، تنخواہوں و بجٹ کو ڈیکنٹیلائز کیا جا رہا ہے۔ طالب علموں (بقیہ نمبر 29)

جھنگ: ڈپٹی کمشنر/چیئرمین جھنگ ایجوکیشنل ٹرسٹ محمد عمیر چناب کالج جھنگ میں بورڈ آف ٹرسٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو چیئرمین نادرا کے عہدے سے ہٹانے کا حکم

شہری اشیا کامران نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست کو منظور کر لیا

شہری اشیا کامران نے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کی بطور چیئرمین نادرا تقرری کو چیلنج کیا تھا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے جسٹس ڈیانیس ایڈو رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو مبینہ سے کی تقرری کے خلاف درخواست پر فیصلہ چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست کو منظور کر لیا، شہری اشیا کامران نے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کی بطور چیئرمین نادرا تقرری کو چیلنج کیا تھا۔ جسٹس عاصم حفیظ نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست پر فیصلہ سنایا۔ نگران وفاقی حکومت نے 02 اکتوبر 2023 کو اس وقت جنرل ہیڈ کوارٹر (جی ایچ کیو) میں تعینات آئی جی کیولیٹیز ایڈ آئی ڈی لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو جسٹس ڈیانیس ایڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کا ناظم مالی چیئرمین مقرر کیا تھا۔ نگران (بقیہ نمبر 1)



وزیر اعظم شہباز شریف جی ایچ کیو میں یوم دفاع شہداء کی مرکزی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

یوم دفاع کے موقع پر مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب

لاہور (این این آئی) یوم دفاع کے موقع پر لاہور میں مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب منعقد ہوئی، تقریب میں کور کمانڈر لاہور لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ ڈی جی رینجرز پنجاب نے کور کمانڈر لاہور کا مزار اقبال پہنچنے پر استقبال کیا۔ کور کمانڈر لاہور لیفٹیننٹ جنرل سید عامر رضا نے مزار اقبال پر پھولوں کی چادر رکھی، فاتحہ خوانی کی اور ملکی سلامتی و خوشحالی کے لیے دعا (بقیہ نمبر 2)

سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز (کاس) لاہور کے زیر اہتمام

یوم فضائیہ کی مناسبت سے خصوصی لیکچر کا انعقاد

کاس کے زیر اہتمام ایک خصوصی لیکچر بعنوان ''فرام دا کاک پٹ'' ریٹائرڈ کمشنر فرام دا پی اے ایف پاسٹ فارورڈ نیوز'' منعقد کیا گیا

پاک فضائیہ کے شاندار ماضی کو اس کے تابناک مستقبل کا آئینہ دار ہے، وِنگ کمانڈر ریٹائرڈ سلیم بیگ مرزا کا خطاب

پاک فضائیہ کی بالصیرت قیادت کی زیر نگرانی گزشتہ دہائیوں کے دوران ملکی فضائیہ کو جدید تقاضوں کے ہم آہنگ بنایا گیا ہے

تقریب کا اختتام ریٹائرڈ ائیر مارشل عاصم سلیمان کے اختتامی کلمات سے کیا گیا جو کہ اس ادارے کاس کے سربراہ ہیں

کاس کے سربراہ نے پاک فضائیہ کے سربراہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سندھو کی قیادت میں جاری تزویراتی تبدیلیوں پر بھی روشنی ڈالی

سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز کے زیر اہتمام تقریب میں شرکا کا گروپ فوٹو

لاہور (نمائندہ خصوصی) سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز (کاس) لاہور کے زیر اہتمام یوم فضائیہ کی مناسبت سے ایک خصوصی لیکچر کا انعقاد۔ پاک فضائیہ کے شاندار ماضی اور تابناک مستقبل کا جائزہ لیا گیا۔ یوم فضائیہ کے خصوصی دن کی مناسبت سے لاہور میں واقع سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز (کاس) کے زیر اہتمام ایک خصوصی لیکچر بعنوان ''فرام دا کاک پٹ: ریٹائرڈ کمشنر فرام دا پی اے ایف پاسٹ فارورڈ نیوز'' منعقد کیا گیا۔ 5 ستمبر 2024 کو ہونے والی اس تقریب سے وِنگ کمانڈر ریٹائرڈ سلیم بیگ مرزا نے خطاب کیا۔ وِنگ کمانڈر ریٹائرڈ سلیم (بقیہ نمبر 3)

قیمتی زیورات، منوعہ انجکشن اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

مسافر کی تلاشی پر سونے، چاندی کے زیورات برآمد کر لئے گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے سونا، چاندی کے زیورات اور ممنوعہ انجکشن اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز سامگی ناٹی مسافر کے جسم اور سامان کی اسکینگ کی فیصل خان کے مطابق ترکی سے براستہ دوحہ آنے والا مسافر گرین چینل سے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔ گٹ کی بنیاد پر عبدالرؤف سامگی ناٹی مسافر کے جسم اور سامان کی اسکینگ کی گئی۔ تلاشی کے دوران (بقیہ نمبر 3)

وزیر اعظم شہباز شریف چوہدری شاہ علی خان سے ان کی بہن کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں

مہنگائی کی شرح میں کمی کا تسلسل جاری ہے

مسلسل چوتھے ہفتے بھی کمی کی رپورٹ کی گئی

کراچی (این این آئی) مہنگائی کی شرح میں کمی کا تسلسل جاری ہے، مسلسل چوتھے ہفتے بھی کمی کی رپورٹ کی گئی جبکہ گزشتہ ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ جاری کر دی گئی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ملک بھر میں مہنگائی کی شرح میں مسلسل چوتھے ہفتے کمی ہوئی ہے، جو شرح کے لحاظ سے 0.15 صد کمی ہے۔ نتیجے اعداد و شمار کے مطابق مہنگائی کی مجموعی شرح سالانہ بنیادوں پر 14.07 فیصد پر آ گئی ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ مہنگی جبکہ 13 کی قیمتوں میں کمی رپورٹ کی گئی ہے۔ ایک ہفتے میں پیاز کی قیمت میں 5 روپے 58 پیسے فی کلو کا اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح ٹماٹر فی کلو 7 روپے 38 پیسے مہنگا ہوا، ایل پی جی (بقیہ نمبر 4)

یوم دفاع شہداء، ہیرو زاور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، اسپیکر پنجاب اسمبلی

افواج پاکستان اندرونی و بیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے تمام صلاحیتیں رکھتی ہے، ملک احمد خان

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے یوم دفاع پر شہداء، ہیرو زاور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ملک وقوم کی بقاء کے لئے پاک فوج کی بے مثال قربانیوں کی یادگار ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں 06 ستمبر (بقیہ نمبر 6)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد ایک شہید کی مزیدہ سے بات چیت کر رہی ہیں

زہریلی گیس، ایک ہی خاندان کے 2 افراد جاں بحق

7 کی حالت غیر، انتہائی نگہداشت وارڈ میں منتقل کر دیا گیا ہے

سیہون (آئی آئی پی) زہریلی گیس کے باعث ایک ہی خاندان کے 2 افراد جاں بحق جبکہ 7 افراد بے ہوش ہوگئے ،تمام افراد کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ سیہون کے کھوسہ محلے میں کیڑے مار دوا سے خارج ہونے والی گیس سے متاثر ہو کر 9 افراد (بقیہ نمبر 17)

جائیداد کی خریداری پر مزید ٹیکس عائد، نوٹیفکیشن جاری

ڈویلپر زاور بلڈرز خریداری کے وقت پیڈ ڈیوٹی ادا کرنے کے پابند ہوں گے

اسلام آباد (آئی آئی پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ڈویلپر زاور بلڈرز پر پراپرٹی کی خریداری پر ایکسائز ڈیوٹی عائد کر دی۔ ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس عائد کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے، جس کے مطابق اگر ٹیکس ادا کرنے والے پلاٹ اور مکانات خریدے پر 3 فیصد ڈیوٹی عائد کی گئی ہے جبکہ اگر ٹیکس نادہندہ ہے ادا کرنے والے پلاٹ اور مکانات خریدے پر پانچ فیصد ڈیوٹی عائد کی گئی ہے۔ نان فائلرز کی جانب (بقیہ نمبر 18)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف ماڈل ٹاؤن میں ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اطلاعات عالی کیپٹن احمد بدر شہید کے گھر آمد تعزیت کا اظہار

لواحقین سے کیپٹن احمد بدر شہید ہمارا فخر ہیں، حکومت اور پاک فوج فتنہ الخوارج کے خاتمے کے لئے پرعزم ہیں، عطاء اللہ تارڑ

کیپٹن احمد بدر شہید ہمارا فخر ہے، قوم ان کی قربانی کبھی نہیں بھولے گی، شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جاتیں

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطاء اللہ تارڑ مجموعہ یوم دفاع پاکستان کے موقع پر کیپٹن احمد بدر شہید کے گھر کے اور شہید کے والد کرنل ریٹائرڈ بدر الدین اور دیگر لواحقین سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اس موقع پر کیپٹن احمد بدر شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ اہل خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کیپٹن احمد بدر شہید ہمارا فخر ہے، قوم ان کی قربانی کبھی نہیں بھولے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں (بقیہ نمبر 5)

عمران خان کے جیل ٹرائل میں صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے 3 وکلا پر مشتمل کمیشن قائم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے جیل ٹرائل میں صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے 3 وکلا پر مشتمل کمیشن قائم کر دیا، کمیشن جیل ٹرائل کے دوران عمران خان کے وکلا کو درپیش مسائل سے متعلق اسلام آباد ہائی کورٹ کے انتظامات پر عملدرآمد کا جائزہ لے کر عدالت کو آگاہ کرے گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحٰق خان نے پی ٹی آئی وکلا کو اڈیالہ جیل داخلے سے روکنے کے خلاف درخواست پر سماعت کی، عدالتی عملہ پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل راولپنڈی عبدالغفور، ایم عدالت میں پیش ہوئے، ایڈیشنل (بقیہ نمبر 7)

مہنگائی میں معمولی کمی، مجموعی شرح 14.7 فیصد ریکارڈ

سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح 14.7 فیصد پر آ گئی

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی آ گئی، مہنگائی کی شرح میں 0.15 فیصد کی کمی کی ریکارڈ کی گئی جس کے بعد سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح 14.7 فیصد پر آ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 19 اشیا مہنگی جبکہ 13 اشیا کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے (بقیہ نمبر 6)

پاکستان کی مستقبل کی شرح خواندگی کو خطرات درپیش ہیں

پاکستان میں اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد ڈھائی کروڑ سے زائد ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں اسکول نہ جانے والے بچوں کی تعداد ڈھائی کروڑ سے زائد ہو گئی ہے۔ جاری کردہ رپورٹ کے اعداد و شمار کے مطابق اسکول نہ جانے والے 5 سے 16 برس کے بچوں کی تعداد (بقیہ نمبر 8)

یوم دفاع پر مزار قائد پر تبدیلی گارڈز کی پُروقار تقریب

پاکستان ایئر فورس اصغر خان اکیڈمی کے چاقو چوبند دستے، کیڈٹس نے گارڈ کے فرائض سنبھال لیے

مزار قائد پر گارڈز کی ذمے داریاں سنبھالنا ایئر فورس کے لیے اعزاز ہے، ایئر وائس مارشل شہریار خان

کراچی (این این آئی) 6 ستمبر کو یوم دفاع کے موقع پر کراچی میں بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار پر گارڈز کی تبدیلی کی پُر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان ایئر فورس اصغر خان اکیڈمی کے چاقو چوبند دستے، کیڈٹس نے گارڈ کے فرائض سنبھال لیے۔ اس موقع پر تقریب کے مہمان خصوصی ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا کہ مزار قائد پر گارڈز کی ذمے داریاں سنبھالنا ایئر فورس کے لیے اعزاز ہے۔ ایئر وائس مارشل (بقیہ نمبر 9)

نواب شاہ پولیس اور شہری کراچی سے لاہور جانیوالی شالیمار ایکسپریس اور ٹرک کے درمیان تصادم کے بعد جائے وقوعہ پر موجود ہیں

نیب لاہور 1 ارب 86 کروڑ روپے متاثرین میں تقسیم کر رہا ہے، امجد مجید اولکھ

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو لاہور کے ڈائریکٹر جنرل امجد مجید اولکھ نے نیب لاہور بیورو میں ماہانہ کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں پنڈی سٹیموں اور ہاؤسنگ سکیمز کے 300 سے زائد متاثرین نے شرکت کی۔ سے سپریم کورٹ کے نام پر متاثرین سے کروڑوں روپے اکٹھے کرنے کی شکایات درج کروائے جبکہ متاثرین نے ڈائریکٹر جنرل نیب سے فوری داد رسی کی استدعا کی (بقیہ نمبر 10)

ایلیویٹڈ بند روڈ پر رنگ روڈ پولیس تعینات، ٹال ٹیکس شروع

موٹر سائیکل، گدھا گاڑی، ٹریکٹر ٹرالی سمیت سلو موونگ وہیکل کا داخلہ بند

لاہور (این این آئی) ایلیویٹڈ بند روڈ یا جو صابو سے نیازی انٹرچینج تک رنگ روڈ پولیس تعینات کر دی گئی۔ موٹر سائیکل، گدھا گاڑی، ٹریکٹر ٹرالی سمیت سلو موونگ وہیکل کا داخلہ بند کر دیا۔ رنگ روڈ پولیس کے مطابق خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی جائے گی، بند روڈ کی سروس روڈ پر سٹی ٹریفک پولیس ڈیوٹیاں انجام دیں (بقیہ نمبر 20)

دوران ڈیوٹی سوشل میڈیا کے استعمال پر مزید اہلکار معطل

ڈیوٹی سوشل میڈیا استعمال کرنے پر مزید 12 اہلکاروں کو معطل کر دیا

کراچی (این این آئی) کراچی پولیس نے دوران ڈیوٹی سوشل میڈیا کے استعمال پر کارروائی کا دائرہ وسیع کر دیا۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی نے دوران ڈیوٹی سوشل میڈیا استعمال کرنے پر مزید 12 اہلکاروں کو معطل کر دیا۔ معطلی کے بعد اہلکاروں میں 3 خواتین اور 9 مرد شامل ہیں۔ کراچی پولیس حکام کے مطابق گزشتہ روز بھی 6 اہلکاروں کو معطل (بقیہ نمبر 21)

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان جیوری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351